لا فتى الا علي لا سيف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ محرم الحرام ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۷ اگست ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	منظوری دفعات وردی فنڈ رسالہ سیبلہانی	۱ و ۲
۲	اضافہ ولید کلیات و عام	۲
۳	اضافہ محرر محافظ خانہ صدر	،،
۴	مستقلی سید منظر علی صاحب و ابراحسین صاحب و محمد شاہ خان	۲ و ۳
۵	رخصت منظور صاحب نقول	۳
۶	رخصت الٰہ بخش خان	،،
۷	اعلان کتب جدید کتابخانہ	،،
۸	روئداد منیوسپلٹی	ضمیمہ
۹	نقشہ جات اموات۔ نقشہ بارشس۔ نرخنامہ اجناس	،،

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ جولائی ۱۹۲۵ء

وردی فنڈ رسالہ سیبلہانی کے متعلق دفعات مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — مہربانہ

جناب عالی

رسالہ صدر بندوبست جیبلیاقی کے متعلق جو اسکیم جدید معروضہ ۱۰ فروری ۱۹۲۴ء بحکم ۵ مارچ ۱۹۲۴ء منظور فرمائی گئی ہے۔ اُسکی دفعہ ۸ میں متعلق وردی۔ چار آنہ فی کس ماہانہ وضع ہوکر امانت کیا جانا تجویز منظور شدہ ہے جو وضع ہوکر امانت ہورہی ہے۔ لیکن اِس رقم ماخوذہ کی بابت بوقت انقطاع ملازمت واپسی و ضبطی کے کوئی قواعد مرتب نہیں ہوئے ہیں جنکا ہونا ضروری ہے۔ عرضداشت ہٰذا کی سطور آیندہ میں چند دفعات عرض کیجاتی ہیں اُنکی منظوری صادر فرمائی جائے۔

دفعہ ۱ جو ملازم بوجہ غیر حاضری یا بوجہ کسی اور قصور کے ملازمت سے برطرف کیا جائے تو بحالت بچت بصرفہ وردی وہ رقم جو ہوئی بوجہ اُسکی موقوفی کے ضبط ہوکر وردی فنڈ میں جمع رہیگی۔

دفعہ ۲ اُسکے چال چلن اور رویہ کی بابت باظہار نیک چلنی حکام ماتحت باظہار وجوہ خاص سفارش کریں تو منظوری اجلاس سے رقم مذکور کل یا اُسکا جز جیسی صورت مناسب متصور ہو اُسکو واپس دیجاسکیگی۔

دفعہ ۳ اگر کوئی ملازم بوجہ بدچلنی یا کسی جرم فوجداری میں سزا یاب ہو جائے اور اسوجہ سے وہ نوکری سے برطرف کیا جائے تو اُسکی رقم وردی فنڈ بحالت بچت از خرچ وردی کل ضبط کر لیجائیگی۔

دفعہ ۴ بحالت مستعفی ہونے کے حسب سفارش حکام ماتحت بچت والی رقم کل واپس دیجائیگی۔

دستخط صاحب ... صدر — ۲۸ جولائی ۱۹۲۵ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

برائے تعمیل و اجراء احکام ضابطہ و طلب رپورٹ بابتہ معاملہ زیر بحث بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔ گزٹ میں بھی اندراج کیا جاوے۔

۱۲ جولائی ۱۹۲۵ء — دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس حاکم صاحب صدر

اول بمنشاء حکم اجلاس اعلیٰ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ بعد اجراء احکام اہلمد مثل پیش کریں۔

۲۳ جولائی ۱۹۲۵ء — دستخط حاکم صاحب صدر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۴ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ چار روپیہ ماہوار اضافہ در تنخواہ موجودہ ماہوار عبدالمجید خان اہلمد کلیات و عام بوجہ حسن انجام ہی خدمت متعلقہ و کثرت کار و ہوشیاری و خوشخطی وغیرہ۔

حکم

تمام اہلمدان صدر میں اِس محکمہ کلیات میں بہت زائد کام ہے اور حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر کی سفارشوں سے یہ اہلمد کارگزار بھی پایا جاتا ہے خط بھی اچھا ہے۔ حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر نے چار روپیہ اضافہ موجودہ تنخواہ ماہانہ میں دیئے جانیکی سفارش کی ہے۔ لہذا سردست دو روپیہ ماہوار اضافہ حسب سفارش حاکم صاحب صدر منظور کر احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۴ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ اضافہ چار روپیہ تنخواہ موجودہ چودہ روپیہ منشی چندر سین محرر محافظ خانہ کلیات صدر بوجہ کثرت کار و ہوشیاری و حسن انجام دہی خدمت متعلقہ۔

حکم

حسب سفارش حاکم صاحب بہادر چندر سین محرر محافظ خانہ کی تنخواہ موجودہ چودہ روپیہ ماہانہ میں دو روپیہ ماہانہ اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۶ اگست ۱۹۲۵ء

سید منظر علی نائب محافظ دفتر فوجداری کا بعہدہ ڈپٹی انسپکٹر مدارس تبادلہ کیا گیا تھا۔ اور بجائے سید منظر علی ابرار حسین اور بجائے ابرار حسین

محمد شاہ خان تبدیل ہوئے تھے اور محمد شاہ خان کی جگہ صاحبزادہ سید برکت علیخان بہادر کا تقرر ہوا تھا۔ یہ کل انتظام براے چہ ماہ عارضی تھا یہ مدت ۴ اگست ۱۹۲۵ء کو ختم ہوگئی۔ چونکہ سید منظر علی نے ڈپٹی انسپکٹری کا کام بہت اچھا انجام دیا ہے۔ ابرار حسین اور محمد شاہ خان بھی کارکردہ اہلکار ہیں اور وہ کار مفوضہ انجام دے رہے ہیں۔ لہذا سید منظر علی و ابرار حسین و محمد شاہ خان اپنے عارضی عہدوں پر ۴ اگست ۱۹۲۵ء سے مستقل کئے گئے۔ صاحبزادہ سید برکت علیخان بہادر چونکہ عہدہ پر بالکل نئے ہیں اور انکی کارکردگی کی بابت ابھی تک کوئی رپورٹ نہیں آئی ہے۔ لہذا وہ تا حکم ثانی غیر مستقل رہینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اگست ۱۹۲۵ء

مثل یادداشت صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ منصرم نقول بوجہ علالت۔

حکم

مزید رخصت ایک ماہ منصرم نقول کی منظور ہے۔ ایام رخصت میں منشی اصغر حسین اسسٹنٹ ناظر ججی کا کام انجام دینگے۔ انکو چاہیے کہ ہوشیاری سے کام کریں ورنہ بازپرس کیجائیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ اگست ۱۹۲۵ء

مثل تحریر بخشی خانہ دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ ابوالحسن اہلمد بخشی خانہ بسلسلہ سابقہ بوجہ علالت تا ۱۵ ستمبر ۱۹۲۵ء

حکم

درخواست منظور ہے۔ بغرض اجراے احکام صدر کو ترسیل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر شائع ہوگئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ وہ تمام موقع سے ضرور فائدہ اٹھائے خود بھی خرید فرماکر پڑہے اور احباب کو پڑھائیے

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ۱۲/ ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل حضرمی کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک عہ

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی ڈبلو ڈی و صنعت و حرفت ریاست رامپور واقع ۱۰ جون ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۲۹ مئی ۱۹۲۵ء پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی۔ دفعات ذیل کی بابت احکام منفصلہ تحت صادر ہوے۔ دفعہ ۲۔ تجویز جنرل کمیٹی نسبت گندی گلی چاہ منظور ہے۔ دفعہ ۳۔ دعوی سقہ کو مناسب مہلت برائے تخلیہ آراضی دیجاوے۔ اور بذریعہ نوٹس ضابطہ نامبردہ کو اطلاع دیجاوے۔ درصورت عدم تعمیل بعد گزرنے مدت مقررہ کے کارروائی ضابطہ کیجاوے۔ تجویز کمیٹی بصراحت بالا منظور ہے۔ دفعہ ۸ تجویز کمیٹی نسبت توسیع صحن مسجد منظور ہے۔ دفعہ ۱۱۔ کاغذات متعلقہ بغرض دریافت حال جو میونسپلٹی میں واپس کئے گئے۔ دفعہ ۱۲۔ یہ معاملہ دیدہ امور غیر تصفیہ شدہ میں درج ہونا چاہئے تھا۔ رسالدار صاحب صدر کو بغرض روانگی مثل مطلوبہ کاغذات متعلقہ پر حکم دیا گیا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

اصل ہذا مع روئداد منسلکہ بغرض کارروائی ضابطہ میونسپل افسر صاحب کی خدمت میں مرسل ہو اور نقل اُن کاغذات کی بغرض اندراج گزٹ مطبع ریاست میں بھیجی جائے۔ بغرض تعمیل محکمہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

تصفیہ شدہ

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی منعقدہ ٹاؤن ہال۔ واقع میونسپل آفس محررہ ۲۹ مئی ۱۹۲۵ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی فرزند علی صاحب	صاحب میونسپل سکریٹری	۱- صاحبزادہ سید قدرت علی خان صاحب بہادر ۲- منشی عزیز احسن صاحب	۱- مولوی اعجاز حسین صاحب ۲- عطاء اللہ خانصاحب ۳- اصغر علی خان صاحب ۴- ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب ۵- بابو شیو چندر [illegible] صاحب ۶- لالہ جگلی پرشاد صاحب ۷- لالہ عطارام صاحب			
۱	درخواست سید حیدر شاہ ساکن محلہ گھیر ملا فیرت باشندہ عار اجازت تعمیر مکان					۱	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب درخواست عرض گزار بموجب بینامہ مصدقہ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۳ء بر [illegible]	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازمہ سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر [illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							اہل محلہ ورپورٹ ممبر صاحب سپرنڈنٹ حلقہ اجازت تعمیر مکان ودروازہ ہائے موجودہ برنبیاد قدیم وبرآمدگی چار دروازہ جدید باخذ نذرانہ آٹھ روپیہ دی جاتی ہے تعمیر اصلی بنیاد میں ہونا چاہیے نقشہ نویس موقع پر بنیاد قائم کرا دیگا	ایضاً
۲	درخواست قدرت اللہ خان ساکن محلہ گگھیر طوخان استدعاء اجازت برآمدگی ایک دروازہ جدید					۲	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب وسپرنڈنٹ حلقہ ایک دروازہ جدید بحیثیت برآمد کرلے کے باخذ نذرانہ دو روپیہ اجازت دیجاتی ہے۔	ایضاً
۳	درخواست احمد علی ولد صادق علی ساکن محلہ لال قبر باستدعاء تعمیر مکان مشتمل آراضی وبرآمدگی دروازہ جدید۔					۳	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب وسپرنڈنٹ حلقہ مطابق بیعنامہ مشمول آراضی دو دروازہ آگے بڑھا کر نصب کرنے کے باخذ نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	ایضاً
۴	درخواست قدرت علی خان منشی فراش خانہ سرکار باستدعاء برآمدگی ایکدروازہ جدید۔					۴	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ عزیز الحسن خان نقشہ ممبر برآمدگی ایک دروازہ جدید کے باخذ نذرانہ مبلغ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	ایضاً
۵	درخواست مدبن خان ولد سعز اللہ خان ساکنہ محلہ گل گھر باستدعاء تعمیر مکان برنبیاد قدیم ودروازہ جدید					۵	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب سپرنڈنٹ حلقہ آراضی افتادہ میں مطابق بیعنامہ تعمیر مکان کی باخذ نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	ایضاً
۶	درخواست موتی لال بزاز باستدعاء اجازت کندہ کرنے چاہ آراضی پیش کاروانسرائے					۶	پیش کاروانسرائے ایک چوک قیام ایکہ شکرم میونسپلٹی کا ہے اور اوس میں کمرہ بچہ سرکاری میونسپلٹی کا لگا ہوا ہے اور میونسپلٹی کی جانب سے اُس چوک کا ٹھیکہ ہے اوس میں موتی رام بزاز اپنے خرچ سے ایک چاہ پختہ شیریں تعمیر کرانیکی استدعا کرتا ہے اور اُس مقام سے دور تک کوئی چاہ شیریں نہیں ہے۔ مسافران کاروانسرائے کو بھی سخت تکلیف ہے۔ آدمیوں کے سوا اطراف کے گھوڑے، تانگے، بھینس، تشنہ لب رہتے ہیں	

[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]	اسماء ممبران پبلک	اسماء ممبران ملازم سرکار	[illegible]	[illegible]	امور تصفیہ طلب	نمبر شمار
ایضاً	سرکاری کھرنجہ کی آراضی ... بموجب نقشہ منسلکہ چاہ وہیں آرے گی۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت کندہ کی چاہ شیرین بہ شرط سے دیجاتی ہے کہ آراضی سرکاری پر عرض گزار کا حق مالکانہ نہوگا بامید منظوری باجلاس جناب سکرٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔							
ایضاً	دہوی سقہ کو بحکم ۵ جولائی ۱۹۲۲ء اجازت تعمیر مکان بشمول آراضی مطابق نقشہ ... نامبردہ نے برخلاف اسکے ... درعہ آراضی راستہ مرور شامل مکان کرلیا ہے جسکی تحقیقات موقع پر مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر حلقہ نے کی ہے۔ رپورٹ ممبر صاحب حلقہ منسلک شامل ہے۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ آراضی سرکاری حسب رپورٹ ممبر صاحب حلقہ تعدادی ... درعہ کا تخلیہ ہونا چاہئے۔ تاکہ دوسروں پر عبرت ہو اور کوئی شخص سرکاری آراضی بلا حصول اجازت شامل مکان نکرے بامید منظوری باجلاس جناب سکرٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	۷					کاغذات تعمیر مکان دہوی سقہ ساکن محلہ جھنڈا پیر صاحب پیش شدہ جنرل کمیٹی منعقدہ ۸ مئی ۱۹۲۵ء۔	۷
	تحقیقات سپرنٹنڈنٹ حلقہ و نقشہ نویس سے ثابت ہے کہ صابر خان نے کوئی چبوترہ حال میں تعمیر نہیں کیا ہے۔ عرصہ دراز کا چبوترہ تعمیر شدہ ہے موقع پر جو بیعنامہ صابر خان نے معائنہ کرایا ہے وہ مصدقہ ۲۳ جنوری [illegible] ہے اوسمیں چبوترہ درج ہے۔ بیانات اہل محلہ سے بھی ثابت ہے کہ آراضی سرکاری کا شامل ہونا نہیں پایا جاتا ہے۔	۸					درخواست گمنام محلہ داران لال قبر بشکایت صابر خان نسبت تعمیر چبوترہ	۸

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	نمبر شمار	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							بلکہ محلہ داران نے ظاہر کیا ہے کہ چبوترہ صابر خان نے سنہ ۱۹۱۶ء میں اجازت حاصل کرکے تعمیر کیا ہے درخواست شکایت گمنام بے بنیاد ہے مکان صابر خان بنیاد قدیم پر تعمیر شدہ ہے۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ و نقشہ نویس کاغذات خارج ہونے کے لائق ہیں داخل دفتر کئے جائیں	ایضاً
۹	درخواست محلہ داران کھنڈ سار کھنڈ باستدعا توسیع صحن مسجد۔					۹	مسجد کھنڈ سار کھنڈ کا صحن کم ہے اُس کی توسیع کیلئے محلہ داران نے درخواست گزرانی ہے قبل حصول اجازت ۔۔۔ درعہ آراضی راستہ عام اور ۔۔۔ درعہ آراضی قبرستان شامل صحن مسجد کرلی ہے۔ قبرستان و مسجد وقف ہے۔ قبرستان کی آراضی شامل ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ آراضی راستہ عام جو شامل مسجد کی گئی ہے یہ راستہ عام نہیں ہے بلکہ محلہ داران کا راستہ خاص ہے جس سے کوئی شاکی نہیں ہے توسیع صحن مسجد میں یہ آراضی شامل ہوئی ہے۔ جو کار خیر ہے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اجازت شمول آراضی راستہ و قبرستان منظور فرمائی جائے بامید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً
۱۰	درخواست احمد حسین خان ساکن محلہ محل کیمدان باستدعا اجازت ایک قبر متصل مسجد پیری جی میاں محمد شاہ صاحب					۱۰	ایسے موقع پر پانچ قبور موجود ہیں صرف ایک قبر کی گنجائش ہے۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اجازت ایک قبر عرضی گزار کو دینے میں کوئی حرج نہیں ہے بامید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً
۱۱	درخواست بانکے لال ساکن محلہ گنج قدیم باستدعا تعمیر مکان و برآمدگی چھجہ متعلقہ دوکانات و چھجہ و تعمیر چبوترہ نالی پرداشت					۱۱	اس موقع کا حسب منشار کمیٹی ۲۲ مئی ۱۹۲۵ء صاحب میونسپل سکریٹری نے معائنہ موقع فرماکر نقشہ نویس میونسپلٹی نے مفصل حالت پیش کی ہے	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر [illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	لگاکر پیش شدہ کمیٹی ۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۵ء						دانی سرکاری پر چبوترہ و ریلیان یا ٹوڑیان چھپر کی لگاکر تعمیر کرنے پر عرضی گزار رضامند ہے۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ و نقشہ نویس برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر مکان و تعمیر حجرہ قطعہ دکانات بافذ نذرانہ بارہ روپیہ برآمدگی دروازہ جدید مکان بافذ نذرانہ دو روپیہ و حجرہ دکانات لعہ در عہ طولا بافذ نذرانہ یا تجویز و تعمیر چبوترہ بر نالی ریلیان یا ٹوڑیان چھپر قائم کرکے بافذ نذرانہ [illegible] روپیہ اجازت دیجائے ہر ایک رقوم نذرانہ مبلغ چوالیس روپیہ سے داخل کرانے کے بعد اجازت دیدیا جائے۔ چونکہ یہ آراضی عرضی گزار نے صیغہ نزول سے خرید کی ہے وقت قائمی بنیاد و نقشہ نویس اہلکار صیغہ نزول کو ہمراہ لیجاکر بنیاد قائم کرا دیں۔	ایضاً
۱۲	درخواست نوشہ خان ٹھیکیدار سابق تہ بازاری چوک نصر اللہ خان وغیرہ بابت معافی مطالبہ ہرجہ بابت کرایہ سفری وغیرہ بزمانہ دوران مرض کالرا					۱۲	نوشہ خان ٹھیکیدار سابق تہ بازاری چوک نصر اللہ خان وغیرہ نے جلسہ کمیٹی میں حاضر ہوکر یہ درخواست گذرانی ہے اور ایک درخواست آمدہ اجلاس اعلیٰ بھی پیش ہوئی ہو۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مثل سبیل مطالبہ موجودہ سررشتہ رسالدار صاحب صدر شامل درخواست ہذا ہوکر آئندہ جلسہ میں بموجودگی نوشہ خان پیش ہونا چاہیئے اس وقت عذرات ٹھیکیدار دیگر تحریر ہوکر رائے قائم کیجائیگی۔ با امید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۵ لغایت ۱۱ اگست ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ تعداد خط	صدر عالیہ افزون	تحصیل بلاسپور تعداد خط	تحصیل بلاسپور افزون	تحصیل سوار تعداد خط	تحصیل سوار افزون	تحصیل شاہ آباد تعداد خط	تحصیل شاہ آباد افزون	تحصیل ملک تعداد خط	تحصیل ملک افزون	تحصیل ٹانڈہ تعداد خط	تحصیل ٹانڈہ افزون
۵ اگست ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۷	۳۹۴	۲۰	۴۰۹	۱½	۳۳۹	۸	۳۲۵	۱۹	۴۱۰	۲۰	۴۶۰
۶ اگست ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	۷	۴۰۱	۶	۴۱۵	۲۸	۳۶۷	۹	۳۳۴	۰	۴۱۰	۸	۴۶۸
۷ اگست ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	۰	۴۰۱	۳	۴۱۸	۰	۳۶۷	۲۰	۳۵۴	۰	۴۱۰	۷	۴۷۵
۸ اگست ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	۰	۴۰۱	۰	۴۱۸	۷	۳۷۴	۶	۳۶۰	۲	۴۱۲	۰	۴۷۵
۹ اگست ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۰	۴۰۱	۰	۴۱۸	۰	۳۷۴	۱۵	۳۸۵	۰	۴۱۲	۰	۴۷۵
۱۰ اگست ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۳۹	۴۴۰	۳۲	۴۵۰	۵	۳۷۹	۱۵	۴۲۶	۲۹	۴۴۱	۳۰	۵۰۵
۱۱ اگست ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۲۰	۴۶۷	۱۵	۴۶۵	۱۹	۳۹۸	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۷	۴۶۸	۰	۵۰۵

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ لغایت ۱۶ اگست ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				ر۱۷		ر۱۰۶	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				ر۱۹		ر۱۸	
نخود گندم آمیز				ر۱۷		ر۱۵	
[illegible]				ر۱۰۵		ر۱۰۸	
ماش				ر۱۶		ر۱۶	
موٹ				۰		ر۱۵	
مکا				۰		۰	
جئی				ر۱۱۰		ر۱۱۱	
کودمی				ر۱۰۸		ر۱۸	
عدس				ر۱۰۹		ر۱۵	
ارہر				ر۱۱۰		ر۱۱۰	
برنج				ر۱۳		ر۱۰۳	
روغن زرد				ر۱۰		ر۱۰	
روغن سیاہ				ر۱۱		ر۱۱	
روغن تلخ				ر۱۰۶		ر۱۱	
نمک سانبھر				ر۱۱۰		ر۱۱۱	
نمک لاہوری				ر۱۵		ر۱۶	
قند سیاہ				ر۱۳		ر۱۳	
باجرہ				۰		۰	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ عورت	تفصیل فوتی: میزان مرد	تفصیل فوتی: میزان عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۵۳	۴۷	۹۱	۲۶	۳۱۸	۲۴۵	۶۳	۱۰۶	۷۶	۱۵	۲۱	۷۸	۸۱	۲۰۰	۱۴۸	۳۰۴	۷۴	۰	۱۲۶	۰	۲۵۲	۰	۰	۰	۳۷۸	
گنج	۱۱۹	۴۴	۸۳	۱۳	۲۳۹	۲۰۲	۳۷	۵۷	۳۷	۷	۷	۶۲	۶۱	۱۲۷	۱۰۵	۲۰۸	۲۳	۰	۴۷	۰	۱۸۴	۰	۰	۰	۲۳۱	
حوالی شہر	۸۰	۸۴	۲۲	۷۹	۳۱۶	۱۵۳	۱۶۳	۳۳	۳۰	۲	۸	۷۶	۴۳	۱۰۲	۸۱	۱۰۱	۸۲	۰	۰	۱۸۳	۰	۰	۰	۰	۱۸۳	
عظیم نگر	۲۰۹	۱۴۳	۱۹۸	۱۵۰	۷۱۷	۴۰۲	۳۰۳	۴۲	۴۲	۲۲	۱۵	۱۰۷	۵۷	۱۷۱	۱۱۴	۱۷۲	۱۱۳	۱	۰	۰	۲۸۴	۰	۰	۰	۲۸۵	
شاہ آباد	۹۵	۲۸۴	۸۳	۲۴۷	۴۰۹	۱۰۷	۵۲۸	۱۱۶	۱۰۰	۲۱	۲۰	۱۵۶	۱۱۲	۲۹۳	۲۳۲	۱۹۴	۳۶۱	۰	۴۵	۰	۴۷۹	۰	۱	۰	۵۲۵	
بجوائی	۵۴	۲۲۰	۴۹	۲۶۹	۵۹۲	۱۰۳	۴۸۹	۳۸	۳۱	۲	۸	۹۲	۷۱	۱۳۲	۱۱۰	۵۵	۱۸۷	۰	۰	۰	۲۴۱	۱	۰	۰	۲۴۲	
ملک	۱۰۹	۵۲۰	۷۶	۴۲۵	۱۱۳۰	۱۰۵	۹۸۵	۱۴۷	۱۳۶	۱۹	۱۰	۲۰۰	۱۵۲	۲۶۶	۳۰۰	۱۲۱	۵۴۵	-	۳	۰	۶۶۳	۰	۰	۰	۶۶۶	
بلاسپور	۹۹	۱۰۰	۹۵	۶۶	۳۶۰	۱۹۴	۱۶۶	۴۳	۲۳	۱۱	۵	۹۳	۵۴	۱۲۸	۸۲	۱۱۶	۹۴	۰	۴	۰	۲۰۵	۱	۰	۰	۲۱۰	
کیمری	۷۰	۱۳۳	۵۲	۱۳۴	۳۸۹	۱۲۲	۲۶۷	۲۴	۱۶	۹	۳	۷۷	۴۷	۱۱۰	۷۶	۷۴	۱۱۲	۰	۶	۰	۱۷۸	۲	۰	۰	۱۸۶	
سوار	۹۵	۱۰۶	۹۹	۷۶	۳۷۷	۱۹۴	۱۸۳	۳۳	۱۸	۱۷	۹	۱۰۵	۴۳	۱۵۵	۹۱	۱۵۱	۹۵	۰	۴	۲۴۳	۰	۰	۰	۰	۲۴۶	
ٹانڈہ	۱۲۱	۱۰۷	۱۱۱	۸۷	۴۲۶	۲۳۲	۱۹۴	۳۸	۲۹	۱۰	۱۵	۷۴	۵۹	۱۳۲	۱۰۳	۱۲۰	۱۰۵	۰	۷	۰	۲۱۸	۰	۰	۰	۲۲۵	
میزان	۱۳۰۵	۱۶۲۹	۱۰۰۳	۱۵۸۹	۵۲۱۰	۲۳۱۲	۳۳۹۸	۲۵۴	۵۳۸	۱۳۹	۱۲۱	۱۱۱۲	۹۰۰	۱۹۰۵	۱۴۶۲	۱۵۶۱	۱۶۹۱	۱	۲۴۲	۴۲۵	۲۴۹۴	۸	۱	۰	۳۳۶۷	